سوال

(558) مرد نے عوت کو کہا: اگر تُو یہ کام کرے گی تو تو مجھ پر میری ماں بہن کی طرح ہے، عورت نے بھول کر وہ کام کرلیا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

جب مرد نے اپنی بیوی سے کہا: جب تو فلاں کام کرے گی تو تو مجھ پر میری ماں اور بہن کی طرح ہوگی، اس عورت نے بھول کر وہ کام کرلیا۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

مرد پر قسم کا کفارہ دینا لازم ہوگا لیکن اگر عورت نے وہ کام بھول کر نہیں کیا تو یہ ظہار ہوگا کیونکہ لوگ معذور ہیں:

رَبَّنا لا تُؤاخِذنا إِن نَسينا أَو أَخطَأنا ... سورة البقرة ۲۸٦

"اے ہمارے رب! ہم سے مواخذہ نہ کر اگر ہم بھول جائیں یا خطا کر جائیں۔"

(العفیفی رحمة اللہ علیہ)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

عورتوں کے لیے صرف

صفحہ نمبر 502

محدث فتویٰ